# راولپنڈی ادارہ وامراض قلب، راولپنڈی

## نیلامِ عام برائے یک سالہ ٹھیکہ سائیکل/ موٹرسائیکل سٹینڈ، کار پارکنگ

**Reference No: RIC/PO/126/23, Dated 17-07-2023**

# شرائط

1۔ درخواست دھندہ کا نام اور فون نمبر:-----------------------------------------------------------------------

2۔ والد کا نام اور پتہ:-----------------------------------------------------------------------------

3۔ مستقل پتہ بمعہ پولیس سٹیشن-----------------------------------------------------------------------

4۔ قومی شناختی کارڈ نمبر-------------------------------------------------------------------------

5۔ سابقہ تجربہ کی تفصیل کاغذات کے ثبوت کے ساتھ----------------------------------------------------------

دستخط-----------------------------------------

نام-----------------------------------------

مکمل پتہ (شناختی کارڈ کے مطابق)------------------------------------------------------------------

ٹینڈر جمع کرانے کی آخری تاریخ **29-07-2023** وقت **11:00** بجے صبح

ٹینڈر کھولنے کی آخری تاریخ **31-07-2023** وقت **12:30** بجے صبح

1۔ ٹھیکہ **01-08-2023** سے **30-06-2024** تک ہوگا۔

2۔ محفوظ بولی سالانہ **10,500,000/--** روپے ہوگی۔

3۔ متعلقہ ٹھیکیدار کو ٹینڈر فارم کے ساتھ 2,000,000/- روپے کا کال ڈیپازٹ (Fresh CDR) لگانا ضروری ہے ورنہ وہ بولی میں حصہ نہ لے سکے گا۔ اگر بولی دھندہ کامیاب نہ ہوا کال ڈیپازٹ (CDR) واپس کر دیا جائے گا

4۔ کامیاب ٹھکیدار کو کنٹریکٹ کی رقم کا بشمول ٹیکس 50% موقع پر جمع کروانا ہوگا اور باقی رقم کنٹریکٹ کے 14 دن کے اندر جمع کروانی ہوگی عدم ادائیگی کی صورت میں بولی دہندہ کا معاہدہ منسوخ کر دیا جائے گا اور دوسرے بولی دہندہ کو کنٹریکٹ دے دیا جائے گا۔ اور جمع شدہ رقم اور کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی جس کے خلاف کسی وقت بھی عدالت میں اپیل نہ ہو سکے گی۔

5۔ پارکنگ فیس کے لیے عملہ کے تمام افراد کو ہسپتال انتظامیہ کے پاس رجسٹرڈ کرایا جائے گا۔

6۔ کامیاب ٹھیکیدار کسی دوسرے کو اپنا ٹھیکہ منتقل نہیں کر سکے گا۔

7۔ اگر کوئی گاڑی، سائیکل، موٹر سائیکل، موٹر پارکنگ ایریا سے چوری ہو جائے تو اس کے نقصان کا ذمہ دار ٹھیکیدار ہوگا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ یا ان کا نمائندہ جو بھی فیصلہ کرے گا وہ ٹھیکیدار کو ماننا پڑے گا اور جتنی بھی رقم ہوگی وہ ایک ہفتے کے اندر اندر ادا کرنی ہوگی۔

8۔ ٹھیکیدار ہسپتال کے عملہ، ڈاکٹرز کی موٹر سائیکل، سائیکل، موٹر کار کی بغیر فیس حفاظت کا ذمہ دار ہوگا۔

9۔ ٹھیکیدار گورنمنٹ کی ہدایت کے مطابق لاہور پارکنگ کمیٹی کے منظور شدہ ریٹ کے مطابق پارکنگ چارجز وصول کرنے کا پابند ہوگا۔ کوئی اضافی چارجز نہیں لے گا۔

10۔ ہسپتال ہذا اور منظور شدہ ٹھیکیدار کے مابین معاہدہ اشٹام پیپر پر ہوگا۔

11۔ اگر کوئی تنازعہ ہو جاتا ہے تو میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جو بھی فیصلہ کریں گے وہ حتمی اور آخری ہوگا۔

12۔ اگر ٹھیکیدار کا کام تسلی بخش نہ ہوا تو میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی وقت بھی ٹینڈر منسوخ کر سکتا ہے۔

13۔ متعلقہ ٹھیکیدار کا تجربہ کار ہونا ضروری ہے جس کا کاغذی ثبوت دینا ہوگا۔

14۔ ٹھیکے کی مدت کے دوران حکومت کی طرف سے کسی قسم کا ٹیکس بھی ہو ٹھیکیدار دینے کا پابند ہے۔

15۔ اِن گیٹ اور آوٹ گیٹ پر سیکیورٹی کیمرہ لگانا ٹھیکیدار کی ذمیداری ہوگی۔

16۔ ٹھیکیدار نادہندہ ہوگا تو اس کے خلاف اراضی شاریات کے قانون کے مطابق کاروائی کی جائے گی۔

17۔ اِن گیٹ پر گاڑیوں کی سیکیورٹی چیکنگ ٹھیکیدار کی ذمیداری ہوگی

18۔ ہسپتال میں ایک عدد ان گیٹ برائے کار اور ایک عدد آوٹ گیٹ کے طور پر ہمہ وقت کھلے رہیں گے۔

19۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ راولپنڈی ادارہ وامراض قلب، راولپنڈی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کردے۔

20۔ ٹھیکیدار ریٹ لسٹ آویزاں کریگا اور کوئی ردوبدل نہ کریگا۔ دورانیہ دن رات کا ہوگا۔

21۔ اگلے سال کے لیے نیا ٹینڈر مکمل ہونے تک 10% اضافہ کے ساتھ کنٹرکٹ جاری رکھ سکے گا۔

22۔ ٹھیکیدار کو 10% انکم ٹیکس اور PST باقاعدگی سے جمع کرانہ ہوگا۔ اس کے علاوہ گورنمنٹ کے تمام ٹیکسیس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

23۔ سنٹرل کنٹریکٹ ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار کیفیٹیریہ کو 15 دن کے اندر خالی کرنے کا مجاز ہوگا۔ جو کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔

24۔ کوئی شخص/فرم ٹھیکیدار بننے کا اہل نہیں ہوگا جسکے ذمے سرکاری ادارے کے واجبات ہوں گے۔

25۔ کوئی شخص/فرم اہل نہیں ہوگی جو دوالیہ قرار دی گی ہے۔

26۔ سیکورٹی کلیرنس کرواکر ملازمین کا ریکارڈ 03 دنوں کے اندر AMS Admin کو جمع کروانا لازمی ہوگا۔

27۔ اگر کوئی ملازم چلا جائے تو اسکی اطلاع AMS Admin کو دینی ہوگی۔

28۔ ٹھیکیدار کے تمام ورکرز اتھارٹی کی طرف سے منتخب کردہ وردی میں ہونگے۔

29۔ اگر ٹھیکیدار معاہدہ ہونے کے بعد دیفالٹ پایا گیا تو معاہدہ فوری طور پر منسوخ ہوجائے گا۔

30۔ پارکنگ فیس کی خلاف ورزی یا زائد چارجیز کی شکایات کی صورت میں درج زیل جرمانہ ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | پہلی زیادہ چارجیز کی شکایت | 2000/- |
| 2 | دوسری زیادہ چارجیز کی شکایت | 5000/- |
| 3 | تیسری زیادہ چارجیز کی شکایت | 10000/- |
| 4 | پرچی میں زیادہ چارجز لکھنا | 2000/- |

31۔ جرمانہ نا جمع کروانے کی صورت میں کنٹریکٹ منسوخ ہوجائے گا۔

32۔ ٹھیکیدار کھڑی گاریاں، موٹر سائیکل وغیرہ کی سکورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کے زمہ دار ہوں گے۔

**درج ذیل کاغذات جمع کروانا لازمی ہیں:۔**

(i) ٹینڈر خریدنے کی رسید

(ii) -/2,000,000 روپے کا کال ڈیپازٹ بنام ایگزیکٹو ڈائریکٹر راولپنڈی انسٹیٹوٹ آف کارڈیالوجی راولپنڈی

(iii) نادرہ کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی

(iv) بینک بیلنس (Last one year bank balance statement)

(v) بیانِ حلفی (اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ) دینا لازمی ہوگا کہ متعلقہ ٹھیکیدار یا اس کا پارٹنر بلیک لسٹ نہیں ہے اور نا ہی کسی قانونی مقدمہ میں ملوث ہے۔

(vi) بولی دہندہ ٹینڈر کی تمام شرائط وضوابط کو قبول کرنے کا حلف نامہ جمع کروائے گا۔

(vii) تین پاسپورٹ سائز تصاویر جو کسی گزیٹڈ آفیسر سے تصدیق شدہ ہوں۔ ایک فرنٹ دو بیک

(viii) سرکاری اداروں سے متعلقہ ٹھیکے کا تجربہ کا سرٹیفیکیٹ لگانا ضروری ہے۔ (نیز تمام واجبات بھی ادا کیے ہوں)

(ix) متعلقہ ٹھیکیدار کے پاس نیشنل ٹیکس نمبر ہونا لازمی ہے۔

(x) انکم ٹیکس سے فرم کے ایکٹو سٹیٹس کا سرٹیفکیٹ۔

(xi) پروفیشنل ٹیکس سرٹیفکیٹ

(xii) گزشتہ سال کے ٹیکس کے گوشوارے

# ریٹ لسٹ برائے سائیکل / موٹر سائیکل سٹینڈ، کار پارکنگ سکیورٹی سسٹم

| ریٹ | تفصیلات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| -/100 روپے | بس / ٹرک (Bus / Truck) | 1 |
| -/50 روپے | ٹریکٹر ٹرالی / لوڈر وین / مزدا (Tractor Trolley / Loader Van, Mazda etc.) | 2 |
| -/30 روپے | کار / جیپ (Car / Jeep) | 3 |
| -/20 روپے | رکشہ ( Rikshaw) | 4 |
| -/20 روپے | موٹر سائیکل / سکوٹر (Motor Cycle / Skooter ) | 5 |
| -/10 روپے | بائی سائیکل (Bicycle) | 6 |

**نوٹ:**

- سٹاف کے لیے پارکنگ فری ہوگی
- دو دن سے زیادہ بیرونی لوگوں کو گاڑی کھڑی کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔
- ٹھیکیدار ریٹ لسٹ آویزاں کریگا اور کوئی ردوبدل نہ کریگا۔ دورانیہ دن رات کا ہوگا۔

متعلقہ ٹھیکیدار کے دستخط-----------------------------------

شناختی کارڈ نمبر-----------------------------------

پورا نام اور پتہ بمعہ ربڑ سیل (شناختی کارڈ کے مطابق)---------------------------

-----------------------------------------

**گواہ**

نام------------------------------------------ دستخط ------------------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر-----------------------------------

مکمل پتہ-------------------------------------------------------------------------------------

تاریخ-------------------------------------